
# ٹیچرز گائیڈ


تحریر : سیدہ حسن


کلاس 6 کے لئے



## ٹیچر کیلئے نوٹ

- کتاب ''اول بلا'' چھٹی جماعت کے لئے لکھی گئی ہے۔ اس کی ٹیچرز گائیڈ میں 9 سیشن ہیں۔ ٹیچر اپنی مرضی کے مطابق سیشن بڑھا گھٹا سکتی ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہوگا۔

کتاب اول بلا میں دو اہم مسائل کی طرف اشارہ کیا ہے۔ ایک مسئلہ ماحول (environment) سے متعلق ہے اور دوسرا سماجی مسئلہ (social problem) ہے۔ کتاب پڑھنے کے دوران بچے مثالوں کی مدد سے ان مسائل کے بارے میں سمجھ سکتے ہیں۔

## سیشن 1

5 منٹ

- کتابیں کھلوانے سے پہلے بچوں کو سرورق پر بنی ہوئی تصویر دکھائیں۔ ان سے پوچھیئے کہ نام پڑھ کر اور تصویر دیکھ کر ان کو کیا سمجھ میں آیا۔ اس نام کے بارے میں بتاتے ہوئے ان سے بلا کا مطلب پوچھیں۔ بچے اپنی سمجھ کے مطابق جواب دیں گے۔

انہیں بتائیں اس نام سے ملتا جلتا ایک جانور اودبلاؤ ہے۔ مگر اودبلاؤ کا اول بلا سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ اول بلا ایک تصوراتی شکل ہے اور من گھڑت نام ہے۔

20 منٹ

- پہلا صفحہ ان کو پڑھ کر سنائیں۔ بچوں سے کلاس ورک کی کوپیاں نکلوائیں۔ پہلے آپ ان کو جھنجھلانے کا مطلب بتائیے۔ (یہ وہ کیفیت ہے جس میں جوش اور غصہ آ جاتا ہے)۔ مطلب سمجھانے کے لئے بچوں کو بتائیں کہ مثلاً آپ نے کمرہ صاف کیا اور آپ کے چھوٹے بہن یا بھائی نے گندہ کر دیا اور اس طرح بار بار ہوا اور آپ جھنجھلا گئے۔ دوسری صورت بتاتے ہوئے سمجھائیں کہ فرض کریں کہ آپ حساب کا کوئی سوال کر رہے ہیں اور اس کا جواب بار بار غلط آ رہا ہو۔ ایسے موقع پر بھی آپ جھنجھلاتے ہیں۔ بچوں سے کہیں کہ کوپیوں میں ایسے جتنے الفاظ بھی آتے ہیں جن کا مطلب جھنجھلانے کے قریب قریب ہے انہیں لکھیں۔ مثلاً تنگ آنا' چڑ جانا' اُتاولے ہونا وغیرہ وغیرہ۔

20 منٹ

- اب پوری کہانی ٹیچر خود پڑھ کر سنائیں۔ بچوں سے کہیں اپنی کوپی میں لکھیں کہ کہانی کو سن کر انہوں نے اول بلا کے بارے میں کیا رائے قائم کی ہے' کم از کم آٹھ لائنیں لکھیں۔

## گھر کا کام

- اول بلا کی ایک تصویر بنائیں جو کتاب کی تصویر سے مختلف ہو اور یہ لکھیں کہ پہاڑوں پر اول بلا کہاں سے آیا تھا؟

## سیشن 2

30 منٹ
- ٹیچر آج بچوں سے پوری کہانی پڑھوائیں۔ اس کہانی میں چھٹی جماعت کے لحاظ سے مشکل الفاظ اور جملے ہیں۔ اس لئے ہر پیراگراف پڑھوانے کے بعد آپ ان کو سمجھائیں۔ بچے یقیناً سوالات کریں گے۔ فی الحال ان کو مختصر جواب دیں، مگر ایسے کہ وہ مطمئن ہو جائیں۔ بعد میں بچوں کو سوال کرنے کی اجازت دیں اور ہر سوال کا کتاب کے حوالے سے جواب دیں۔ کچھ بچے اگر جواب دینا چاہیں تو انہیں بھی دینے دیں۔ ٹیچر کوشش کریں کہ پوری کلاس پڑھائی میں حصہ لے۔

10 منٹ
- بچے جو اول بلا کی تصویر بنا کر اور اس کے بارے میں لکھ کر لائے تھے، ان کو کلاس میں ڈسپلے بورڈ (display board) پر لٹکا دیں۔ جن بچوں نے اچھا لکھا ہے ان کی تعریف بھی کریں۔

## گھر کا کام

5 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ صفحہ 3 اور 4 کے مشکل الفاظ کے لغت سے معنی تلاش کر کے لکھیں۔ اس طریقے سے بچوں کو لغت دیکھنے کی پریکٹس ہو گی۔ بچے گھر میں کسی بڑے کی مدد بھی لے سکتے ہیں۔

## سیشن 3

10 منٹ
- آج بچوں سے صفحہ 3 اور 4 کی پڑھائی کروائیں۔

10 منٹ
- مشکل الفاظ ٹیچر بورڈ پر لکھ دیں۔ بچے اپنے لکھے ہوئے معنی اس سے ملائیں اور اگر کوئی معنی غلط ہوں تو خود اصلاح کریں۔

25 منٹ
- ٹیچر مندرجہ ذیل سے ایک ایک زبانی جملہ بنا کر سمجھائیں تاکہ مطلب واضح ہو جائے۔

| الفاظ | معنی |
|---|---|
| بستی | آباد جگہ۔ گاؤں (شہر سے دور ایک چھوٹی سی بستی میں میرا گھر ہے)۔ |
| صاف شفاف | بہت صاف (لندن کی سڑکیں بہت ہی صاف شفاف ہیں)۔ |
| سکون | امن۔ خاموشی (رات کے اندھیرے میں ہر طرف سکون تھا)۔ |
| منڈلانا | چکر لگانا' گھومنا (بھنورا پھول کے گرد منڈلا رہا تھا)۔ |
| مہک | خوشبو (رات کے وقت ہر طرف چمبیلی کی مہک پھیلی تھی)۔ |

- ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ جب دو لفظ مل کر ایک ہی معنی دیں تو ان کو مرکب (compound word) کہتے ہیں۔ اس کی دو مثالیں دیں مثلاً صاف ستھرا۔ دیکھ بھال۔

## سیشن 4

5 منٹ
- کتاب کھلوائیں اور صفحہ 5 کا پہلا پیراگراف پڑھ کر سنائیں۔ یا پھر کسی ایسے بچے سے پڑھوائیں جو اچھی طرح پڑھ سکتا ہو۔

20 منٹ
- اب کوپی میں ان مشکل الفاظ کے معنی لکھوائیں۔

| مشکل الفاظ | معنی |
|---|---|
| دستک | کھٹکھٹانا |
| اردگرد | ادھر ادھر |
| راج | بادشاہت' حکومت |
| جمانا | قائم کرنا |
| غلام | وہ نوکر جس کو خریدا جائے |

20 منٹ
- اب بچوں کو اس پیراگراف کا مطلب بتائیں۔ اس میں آپ ان کو پرندوں اور جانوروں کے فائدے' درختوں کے فائدے' پانی کی اہمیت اور ان سب کے بارے میں مختصراً بتائیں۔ راج کا صحیح مطلب ان کو بتائیں کہ کسی آبادی پر جب ایک شخص یا گروپ حکومت کرتا ہے تو اسے راج کہتے ہیں۔

## گھر کا کام

- بچے اپنی کوپی میں درخت، پودے، بیل اور جھاڑی کی تصویر لگائیں اور نام لکھیں۔ کل کتاب میں سے املا لیا جائے گا۔ بچے تیاری کر کے آئیں۔

## سیشن 5

10 منٹ
- آج کتابیں کھلوا کر صفحہ 5 اور 6 کے دو پیراگراف اور پڑھ کر سنائیں۔ کچھ بچوں سے بھی ریڈنگ کرائیں۔

15 منٹ
- بچوں سے پوچھیں کہ غلام کیا ہوتا ہے۔ پہلے بچوں کے جواب سنیں پھر ٹیچر بتائیں کہ پہلے زمانے میں لوگ پیسے دے کر انسان خرید لیتے تھے۔ بچوں سے ہاتھ اٹھوا کر رائے لیں کہ آپ کے خیال میں یہ کیسی بات ہے۔ کیا یہ غیر انسانی بات تھی یا نہیں۔ بات کو آگے بڑھاتے ہوئے بچوں کو بتائیں کہ کچھ سال پہلے تک امیر ملک غریب ملکوں کو غلام بنا لیتے تھے۔ پاکستان بنے سے پہلے ہندوستانی اور پاکستانی انگریزوں کے غلام تھے۔ اس سلسلے میں ان سے گفتگو کریں تاکہ آزادی کا تصور ان کے ذہن میں واضح ہو جائے۔ اس سلسلے میں ان کو خوبصورت پنجرہ میں بند پرندے اور آزاد پرندے کی مثال دیں۔

بچوں سے پوچھیں پنجرے میں بند پرندے کی زندگی اور آزاد پرندے کی زندگی میں کیا فرق ہوتا ہے۔ واضح طور پر بتائیں۔ کچھ بچوں کو بولنے کا موقع دیں۔

20 منٹ
- آسان اور مشکل الفاظ جو وہ اب تک پڑھ چکے ہیں ان کا املا لیں۔

## سیشن 6

10 منٹ
- صفحہ 7 اور 8 بچوں سے پڑھوائیں۔

25 منٹ
- بچوں کو بتائیں کہ دریا اور سمندر میں زہریلا مادہ ڈالنے کے کیا اثرات ہوتے ہیں اور کس طرح سے pollution بڑھتا ہے۔ آب و ہوا کیسے خراب ہوتی ہے۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کوپیاں نکالیں اور ان سب عوامل کی لسٹ بنائیں جن سے ہماری دنیا میں pollution میں اضافہ ہو رہا ہے۔

بچوں سے کہیں کہ ان کے ذہن میں اس مسئلے کا کیا حل ہے۔ کم از کم ایک صفحہ لکھیں جس سے یہ واضح کریں کہ وہ ماحول کو صاف ستھرا کیوں رکھنا چاہتے ہیں؟ اور اس کا کیا طریقہ ہو سکتا ہے؟

5 منٹ
- لکھائی کے کام کے بعد بچوں کو بتائیں کہ جنگلات کتنے ضروری ہیں یا اگر کھیت کم ہو جائیں تو خوراک کا کتنا بڑا مسئلہ ہوگا۔ بچوں کو بھی بات کرنے دیں۔

### گھر کا کام

5 منٹ
- wildlife کے حوالے سے کسی ایک ایسے جانور کے بارے میں پروجیکٹ بنائیں جس کا شمار ان جانوروں میں ہوتا ہے جن کی نسل کو خطرہ ہے۔ مثلاً ''اندھی ڈولفن'' یا ''ہرے کچھوے''۔

## سیشن 7

25 منٹ
- آج کی کلاس میں بچوں کو جنگ اور اس کے بعد ہونے والی تباہ کاریوں کے بارے میں بتائیے۔ بندوق۔ ٹینک۔ میزائل۔ نیوکلیئر بم۔ ہائیڈروجن بم کے کیا کیا نقصانات ہیں۔ اس سلسلے میں آپ جنگ عظیم میں ناگاساکی اور ہیروشیما کی مثال دے سکتے ہیں۔ موجودہ دور میں اس کی مثال افغانستان اور عراق ہیں۔ پہلے کلاس میں مباحثہ کروائیں۔

20 منٹ
- بعد میں کلاس میں دو گروپ بنوا لیں جو بورڈ پر جنگ کے حق میں یا جنگ کے خلاف آ کر لکھیں۔

### گھر کا کام

- بچے ان ہتھیاروں کے نام لکھیں جو پرانے زمانے میں جنگ میں استعمال ہوتے تھے۔

## سیشن 8

5 منٹ
- بچوں سے صفحہ 8 پڑھوائیں۔

10 منٹ
- بچوں کو بتائیں کہ شہر کس طرح تنگ ہو جاتے ہیں۔ فلیٹ سسٹم کے بارے میں بتائیں۔ جہاں چھوٹی سی جگہ پر چار چار منزلیں بن جاتی ہیں۔ بچوں کے لئے نہ کھیل کے میدان ہوتے ہیں اور نہ پارک۔

# اول بلا

## ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بُک گروپ، کراچی
مطبع : جے۔ ٹی ۔ ایس پرنٹرز

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 431-0641, 453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk